**30-03-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................اصغر علی

------------------------------

**Music**

------------------------------

☆ سابق وزراء اعظم چودھری چرن سنگھ اور پی وی نرسمہا راؤ، بہار کے سابق وزیراعلیٰ کرپوری ٹھاکر اور زرعی سائنسداں ایم ایس سوامی ناتھن کو بعد از مرگ ملک کے اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ، بھارت رتن سے سرفراز کیا گیا۔

☆ بہار کی چار لوک سبھا سیٹوں کو چھوڑ کر پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی واپس لینے کا عمل آج ختم ہو گیا۔

☆ اڈیشہ میں کیندر پاڑا کے رکن پارلیمنٹ انوبھوَ موہنتی نے بیجو جنتا دل سے استعفیٰ دے دیا ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے شمال مشرقی بھارت کے علاقوں میں شدید بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ میامی اوپن ٹینس میں مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں روہن بوپنا اور میتھیو ابڈین کی جوڑی کا مقابلہ Austin Krajicek اور Ivan Dodig کی جوڑی سے ہوگا۔ خواتین کے سنگلز کے خطابی مقابلے میں Danielie Collins کا سامنا Elena Rybakina سے ہوگا۔

☆ اور IPL کرکٹ میں لکھنؤ میں، لکھنؤ سپر جائنٹس اور پنجاب کنگز کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔

------------------------------

**Music**

------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Prez Bharat Ratna**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں، سابق وزراء اعظم پی وی نرسمہا راؤ اور چودھری چرن سنگھ، زرعی سائنسداں ایم ایس سوامی ناتھن اور بہار کے دو مرتبہ کے سابق وزیر اعلیٰ کرپوری ٹھاکر کو بعد از مرگ ملک کے اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ، بھارت رتن سے سرفراز کیا۔

صدر جمہوریہ، سابق نائب وزیر اعظم اور BJP کے آزمودہ کار رہنما ایل کے اڈوانی کو، کل نئی دلّی میں اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ پیش کریں گی۔ آج صبح منعقدہ تقریب کے دوران ایوارڈ پانے والی شخصیتوں کے رشتے داروں نے ایوارڈز وصول کیے۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار اور دیگر شخصیات، تقریب میں موجود تھیں۔ x

## PM Bharat Ratan

وزیراعظم نریندر مودی نے سابق وزراء اعظم چودھری چرن سنگھ اور پی وی نرسمہا راؤ، بہار کے سابق وزیراعلیٰ کرپوری ٹھاکر اور مشہور سائنسداں ایم ایس سوامی ناتھن کے گراں قدر تعاون کو سراہا ہے۔ اِن معزز شخصیات کو آج بعد از مرگ بھارت رتن سے نوازا گیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ چودھری چرن سنگھ کو بھارت رتن عطا کیا جانا، ملک کی ترقی بالخصوص زراعت اور دیہی ترقیات کے شعبے میں ان کے غیرمعمولی تعاون کا اعتراف ہے۔

انہوں نے کہا کہ پی وی نرسمہا راؤ نے ملک کی ترقی اور جدیدکاری کے لیے وسیع پیمانے پر کام کیا ہے۔ وہ ایک قابل احترام اسکالر اور مفکر کے طور پر بھی جانے جاتے ہیں۔

وزیراعظم نے کہا کہ کرپوری ٹھاکر کو بھارت رتن عطا کیا جانا، عظیم رہنما کو ایک شاندار خراج عقیدت ہے جنہوں نے سماجی انصاف اور مساوات کے لیے اپنی پوری زندگی وقف کر دی۔ جناب مودی نے کہا کہ ڈاکٹر ایم ایس سوامی ناتھن کی کوششوں نے ملک کو خوراک کی پیداوار میں جدوجہد کرنے والے ملک سے ایک خودکفیل ملک بنا دیا۔x

## Name Withdrawal First Phase

آج پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات اور سکم اور اروناچل پردیش اسمبلی انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ تھی۔ پچھلے بدھ کے روز کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل ختم ہو گیا تھا۔ کاغذات کی جانچ پڑتال جمعرات کو کی گئی تھی۔

اسی طرح بہار میں، پہلے مرحلے کے پارلیمانی انتخابات کے تحت گیا، اورنگ آباد، نوادہ اور جموئی پر مشتمل چار پارلیمانی حلقوں میں کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل گذشتہ جمعرات کو ختم ہوگیا تھا۔ ریاست میں کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی گئی، جبکہ یہاں امیدواروں کے ذریعے نام واپس لینے کی آخری تاریخ 2 اپریل ہے۔ پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کے تحت بہار سمیت 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام چار علاقوں کی 102 لوک سبھا سیٹوں پر 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ساتھ ہی ساتھ 19 اپریل کو ہی سکم کی 72 اسمبلی حلقوں اور اروناچل پردیش کے 60 اسمبلی حلقوں میں واحد مرحلے کے تحت پولنگ ہوگی۔ پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کے تحت جن 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام چار علاقوں میں 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے اُن میں تمل ناڈو، اروناچل پردیش، میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ، سکم، لکشدیپ، انڈمان و نکوبار جزائر اور پڈوچیری ایسے علاقے ہیں جہاں واحد مرحلے

میں لوک سبھا انتخابات ہو رہے ہیں۔ انتخابی کمیشن نے بہار کے یوم تاسیس اور ہولی کے تہوار کے پیش نظر بہار میں کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ بڑھا دی تھی۔×

## Odisha BJD MP Resign

اڈیشہ میں کیندر پاڑا کے رکن پارلیمنٹ انوبھوَ موہنتی نے آج لوک سبھا انتخابات سے پہلے بیجو جنتا دل سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ جناب موہنتی نے کہا کہ وہ پارٹی میں گھٹن محسوس کر رہے تھے۔ انوبھوَ موہنتی Bhartruhari Mehtab کے بعد 2024 عام انتخابات سے پہلے علاقائی پارٹی چھوڑنے والے بیجو جنتا دل کے دوسرے موجودہ رکن پارلیمنٹ ہیں۔×

## BJP Manifesto Committee

BJP کے صدر جے پی نڈا نے، آئندہ لوک سبھا انتخابات کے لیے انتخابی منشور سے متعلق کمیٹی کا اعلان کیا۔ 27 رکنی کمیٹی کی قیادت BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ کریں گے۔ BJP کی سینئر رہنما نرملا سیتارمن کمیٹی کی کنوینر ہوں گی جبکہ پیوش گوئل کمیٹی کے شریک کنوینر ہوں گے۔ ×

## CPI M Jharkhand

جھارکھنڈ میں، CPIML نے آج آنے والے لوک سبھا انتخابات کے لیے پارٹی کے امیدوار کا اعلان کیا۔ عظیم اتحاد میں سیٹوں کے بٹوارے سے متعلق معاہدے کے تحت CPIML کوڈرما پارلیمانی حلقے سے چناؤ لڑے گی۔ پارٹی کے سکریٹری منوج بھگت نے آج رانچی میں ایک پریس کانفرنس میں مطلع کیا کہ جھارکھنڈ اسمبلی کے موجودہ MLA ونود سنگھ لوک سبھا انتخابات میں اِس سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔ ×

## Bihar Chirag Paswan

بہار میں چراغ پاسوان کی قیادت والی لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) نے آج اپنے کوٹے کی پانچ لوک سبھا سیٹوں کیلئے پارٹی امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ LJP-R لوک سبھا انتخابات میں NDA کی حلیف کے طور پر حصہ لے رہی ہے۔ پارٹی صدر چراغ پاسوان نے اِس مرتبہ جموئی کی بجائے حاجی پور پارلیمانی حلقے سے انتخاب لڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چراغ پاسوان کے والد اور سابق مرکزی وزیر رام ولاس پاسوان کئی مرتبہ حاجی پور حلقے کی نمائندگی کرچکے ہیں۔ پارٹی نے ویشالی کی موجودہ رکنِ پارلیمنٹ وینا دیوی کو دوبارہ امیدواری دی ہے۔ وینا دیوی اُن باغی اراکین پارلیمنٹ میں رہی ہیں جنھوں نے پشوپتی ناتھ کی قیادت والے LJP دھڑے کا دامن تھاما تھا۔ وہیں راجیش وَرما کو کھگڑیا لوک سبھا حلقے سے امیدواری دی گئی ہے۔ بہار کے وزیر اشوک چودھری کی دختر شمبھوی چودھری کو سمستی پور لوک سبھا حلقے سے ٹکٹ دیا گیا ہے۔ پارٹی کے پانچویں امیدوار ارون بھارتی پہلے ہی جموئی پارلیمانی حلقے سے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرچکے ہیں۔×

## Voter Awareness Kargil

لداخ میں جمہوری عمل کو تقویت دینے کی ایک ٹھوس کوشش کے تحت کرگل میں ووٹر بیداری فورم نے شہریوں کو معلومات فراہم کرنے اور انہیں بااختیار بنانے کے لیے اقدامات کا ایک سلسلہ ترتیب دیا ہے۔ رائے دہندگان کو منظّم انداز میں معلومات کی فراہمی اور انتخابی شراکت داری SVEEP پروگرام کے تحت گورنمنٹ گرلس ہائر سیکنڈری اسکول، کرگل میں منعقدہ ایک حالیہ تقریب نے لوگوں کی خاصی توجہ حاصل کی۔ SVEEP کرگل کے نوڈل آفیسر غلام رسول لال کی قیادت میں اِس پروگرام میں بھارت کے انتخابی کمیشن کی مختلف اسکیموں اور چناؤ کمیشن کی طرف سے توثیق شدہ مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارم کے استعمال کے بارے میں بصیرت افروز اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔

یہ پروگرام جمہوری اقدار کے لیے کمیونٹی کی لگن اور انتخابی عمل میں سبھی کی شمولیت اور معلومات سے بھرپور شرکت کو یقینی بنانے کے لیے اجتماعی کوشش کے ثبوت کے طور پر منعقد کیا گیا۔x

## J&K CAPF Flag

آئندہ پارلیمانی انتخابات 2024 کے مدنظر CAPF کے ساتھ ملکر پولیس نے وادیٔ کشمیر کے مختلف اضلاع میں فلیگ مارچ کیا۔ یہ اضلاع ہیں: گندھربل، بارہ مولہ، پلوامہ، کلگام، سوپور، شوپیاں، باندی پورہ اور بڈگام۔ اس فلیگ مارچ کا مقصد معاشرے میں امن اور ہم آہنگی کا احساس پیدا کرنا اور آزاد، منصفانہ اور خوف سے مبرا انتخابات کو یقینی بنانا تھا۔ اس کا مقصد ووٹ دہندگان کے اندر ایک محفوظ اور ہم آہنگ ماحول کا اعتماد پیدا کرنا تھا تاکہ وہ انتخابی عمل میں بلاخوف شرکت کرسکیں۔ یہ اقدامات ایک آزاد اور منصفانہ انتخابات کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہیں تاکہ ہر شہری اپنے جمہوری حق کا استعمال آزادانہ اور بغیر روک ٹوک کے کرسکے۔x

## IMD For Cast

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے پیر تک شمال مشرقی بھارت میں گرج اور چمک کے ساتھ شدید بارش کے جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمے نے مغربی ہمالیائی خطے میں شدید بارش کے امکانات کے ساتھ کل تک شمالی مغربی بھارت میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی سطح کی بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں شدید بارش اور برفباری کا بھی امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کل تک اُڈیشہ، مغربی بنگال کے گنگا کے کنارے کے علاقے جھارکھنڈ، مشرقی مدھیہ پردیش، وسطی مہاراشٹر، ودربھ اور چھتیس گڑھ میں ہلکی سے درمیانی سطح کی بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے شمالی کرناٹک کے اندرونی علاقوں، تلنگانہ اور رائل سیما خطوں میں بدھ کے روز تک گرمی کی لہر کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD نے مشرقی اور وسطی بھارت کے مختلف حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کے اضافے کا امکان ظاہر کیا ہے۔x

## Prisedent Easter

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ایسٹر کے موقع پر ملک اور بیرون ملک رہائش پذیر بھارتی شہریوں بالخصوص عیسائی برادری کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ تہوار عیسیٰ مسیح کے دوبارہ زندہ ہونے کا جشن نیز محبت اور ہمدردی کی علامت ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہاکہ ایسٹر یہ پیغام دیتا ہے کہ سچائی، لافانی اور ابدی ہے۔ یہ سبھی کو قربانی اور معافی کا راستہ دکھاتا ہے۔ انہوں نے کہاکہ عیسیٰ مسیح کی تعلیمات ہمیں امن اور بھائی چارے کی راہ پر گامزن کرتی ہیں۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے بھی ایسٹر کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں جناب دھنکھڑ نے کہا کہ عیسی مسیح کے دوبارہ زندہ ہونے کی یاد میں منایا جانے والا تہوار ایسٹر - پیار، ہمدردی اور معافی کی ایک پرجوش یاددہانی ہے۔

انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ مبارک موقع ہر ایک کی زندگی میں امن اور خوشحالی لے کر آئے گا۔×

## Sheikh Shajahan

مغربی بنگال میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED بشیر ہاٹ جیل میں، شیخ شاہجہاں سے پوچھ تاچھ کر رہی ہے۔ شیخ شاہجہاں کو CBI کے ذریعے گرفتار کیا گیا تھا اور وہ فی الحال بشیر ہاٹ جیل میں بند ہے۔ ED زمینوں کو ہتھیانے اور انہیں تالاب بنانے نیز اِن تالابوں میں، ماہی پروری سے متعلق اس کے کردار کے بارے میں تحقیقات کر رہی ہے۔ الزام ہے کہ شیخ شاہجہاں نے اِس کاروبار سے پیسہ کمایا اور اُس پیسے کو سیاسی رہنماؤں کے علاوہ بیرون ملک بھیجا۔×

## Ukrain US Aid

یوکرین کے صدر وولودمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ اگر امریکی فوجی امداد جلد نہ پہنچی تو ان کی افواج کو مزید علاقے روس کے حوالے کرنے پڑ سکتے ہیں۔ انہوں نے امریکی کانگریس سے کئی بلین امریکی ڈالر کے پیکیج منظور کرنے کی اپنی تازہ ترین اپیل کے تناظر میں مذکورہ منظر نامے سے خبردار کیا ہے۔ امریکی صدر جوبائیڈن کی انتظامیہ ایک مہینے سے زیادہ عرصے سے امریکی ایوان نمائندگان کے ذریعے 95 بلین امریکی ڈالر کی بین الاقوامی امدادی پیکیج کو منظور کرانے کے لیے جدوجہد کر رہی ہے، جس میں یوکرین کے لیے 60 بلین امریکی ڈالر کی امداد بھی شامل ہیں۔ اِس بین الاقوامی امدادی پیکیج کو سینیٹ میں پاس کر دیا گیا تھا۔ یوکرین کے صدر زیلنسکی نے کہا ہے کہ یہ امداد لازمی ہے اور اِس کی عدم فراہمی یوکرین کے بڑے شہروں کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔

روس نے دو سال سے زیادہ عرصہ پہلے یوکرین کے خلاف اپنی خصوصی فوجی کارروائی شروع کی تھی، جس کے بعد سے مشرقی یوکرین کا بیشتر علاقہ روسی فوج کے کنٹرول میں ہے۔ ×

## Successful Anti Piracy Operation

بھارتی بحریہ نے 9 مسلح بحری قزاقوں کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کردیا۔ بحریہ کے ماہرین کی ٹیموں نے FV

الکمبار کو Sanitise کیا اور اُس کے سمندر میں قابل استعمال ہونے کی جانچ کی۔ اِن 9 بحری قزاقوں کو بھارت لایا جارہا ہے جہاں اُن پر بحری قزاقی مخالف قانون 2022 کے تحت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

اِس سے پہلے، بحری جہاز کے عملے، جن میں 23 پاکستانی شہری شامل تھے، کا میڈیکل چیک اَپ کیا گیا اور بعد میں اُنھیں ماہی گیری کی سرگرمیاں جاری رکھنے کی اجازت دی گئی۔

اِس سے پہلے INS سُمیدھا نے کل علی الصبح ایرانی ماہی گیری کشتی اَل کمبار کا پتہ لگایا۔ اِس کارروائی میں گائیڈیڈ میزائل سے لیس جنگی جہاز INS ترشول کی بھی مدد لی گئی۔

معیاری طریقہ کار کے مطابق بارہ گھنٹوں سے زیادہ لمبی اِس کارروائی کے بعد اغواء کی گئی کشتی کے قزاقوں کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہونا پڑا۔x

## Tennis

میامی اوپن ٹینس میں خواتین کی سنگلز مقابلوں کے فائنل میں چوتھی درجہ بندی کی حامل Elena Rybakina کا مقابلہ غیر درجہ بندی کی حامل Danielle Collins سے ہوگا۔ یہ میچ آج رات فلوریڈا میں کھیلا جائے گا۔

وہیں مردوں کے سنگلز کی خطابی جنگ میں دوسرے درجے کے حامل Jannik Sinner کا مقابلہ گیارھویں درجے کے حامل Grigor Dimitrov سے ہوگا۔

اِسی طرح مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں بھارت کے روہن بوپنّا اور اُن کے آسٹریلیائی جوڑی دار میتھیو ایبڈن کی جوڑی کا مقابلہ آج رات امریکہ کے Austin Krajicek اور کروئیشیا کے Ivan Dodig کی دوسرے درجے کی حامل جوڑی سے ہوگا۔ اب تک 25 ڈبلز خطاب اپنے نام کرچکے بوپنّا کا یہ 14واں ATP ماسٹرس فائنل ہوگا۔

## MEA Combodia

حکومت نے کہا ہے کہ کمبوڈیا میں بھارتی سفارتخانہ، ان بھارتیوں کی شکایات پر مستعدی سے کام کر رہا ہے، جن کو ملازمت کا جھانسہ دے کر کمبوڈیا میں غیرقانونی سائبر کاموں میں ملوث ہونے پر مجبور کیا جارہا ہے۔ کمبوڈیا میں پھنسے ہوئے بھارتیوں کے متعلق، میڈیا کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان، رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت، کمبوڈیائی حکام کے ساتھ ملکر کام کر رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ گذشتہ مہینے کے 75 بھارتی سمیت، بھارت نے اب تک 250 بھارتیوں کو ملک واپس بلایا ہے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ ایسے گھوٹالوں کی جانکاری کیلئے وزارت اور کمبوڈیا میں بھارتی سفارتخانے نے متعدد ایڈوائزری جاری کئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ نئی دلّی، کمبوڈیا میں بھارت نژاد افراد کی مدد کیلئے عہد بند ہے۔

جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت، کمبوڈیائی حکام اور بھارت میں ایسی ایجنسیوں کے ساتھ ملکر دھوکہ دیہی کی ایسی اسکیموں کا پتہ لگانے کی جانب کام کر رہا ہے۔x

**IPL Cricket**

IPL کرکٹ میں لکھنؤ میں لکھنؤ سپر جائنٹس نے پنجاب کنگز کے سامنے جیت کیلئے 200 رن کا نشانہ رکھا ہے۔لکھنؤ سپر جائنٹس کی طرف سے کوئنٹن ڈی کاک نے سب سے زیادہ 38 گیندوں میں 54 رن بنائے۔

اس سے پہلے،لکھنؤ سپر جائنٹس نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

کل کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے رائل چیلنجرز بینگلورو کو سات وکٹ سے شکست دی تھی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆